58 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 58 | Sunday 19th April 2026 | ۱۹ اپریل ۲۰۲۶ بروز اتوار بمطابق ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | No. 107 • Vol: 58 • R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



## ٹم ڈیوڈ ہزار رنز مکمل کرلیے

ٹم ڈیوڈ نے آئی پی ایل کی تاریخ میں ۱۰۰۰ رنز بنانے والے دوسرے تیز ترین بلے باز بن کر ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کروالیا ہے۔ انہوں نے ہفتہ کو یہاں چناسوامی اسٹیڈیم میں دہلی کیپیٹلز کے خلاف صرف ۵۹۰ گیندوں میں یہ سنگ میل عبور کیا، اور یہ کارنامہ انہوں نے اپنے مخصوص پاور ہٹنگ انداز میں انجام دیا۔ یہ یادگار لمحہ لنگی اینگیڈی کے خلاف آیا۔ (تفصیلات اندر)



## مشکل دنوں کو اپنانا ہوگا: رہانے

آئی پی ایل میں کولکاتا نائٹ رائیڈرز (کے کے آر) کی خراب فارم جاری ہے۔ ٹیم اپنے ابتدائی چھ مقابلوں میں جیت درج نہیں کر سکتی ہے۔ ٹیم کو جمعہ کو گجرات ٹائٹنز کے ۱۸۰ رن بنانے کے باوجود ۵ وکٹ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس دوران کپتان اجنکیا رہانے نے ٹیم کی صورتحال پر کھل کر بات کرتے ہوئے کھلاڑیوں سے مثبت رہنے اور مشکل وقت کو قبول کرنے کی اپیل کی ہے۔ (تفصیلات اندر)

## اپوزیشن کو اپنی غلطی کیلئے خواتین کے سامنے جواب دینا ہوگا/ مودی

### ریزرویشن بل کی پارلیمنٹ میں ناکامی پر اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا



سرینگر/ یو این ایس/ وزیر اعظم نریندر مودی نے خواتین ریزرویشن بل کی پارلیمنٹ میں ناکامی پر اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن نے ایک بڑی غلطی کی ہے اور اسے اس کے نتائج بھگتنا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق کابینہ اجلاس کے دوران نریندر مودی نے کہا کہ ''اپوزیشن نے ملک کی خواتین کو مایوس کیا ہے، اور اب انہیں خواتین کو جواب دینا ہوگا۔ یہ پیغام ہر شخص اور ہر گاؤں تک پہنچنا چاہیے۔ واضح رہے کہ آئین (131 ویں ترمیمی) بل 2026، جس کے تحت لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کے لیے 33 فیصد نشستیں مختص کرنے کی تجویز تھی، لوک سبھا میں مطلوبہ دو تہائی اکثریت حاصل نہ کرسکا۔/ 1




## سورج اپنی جھلکیاں دکھائے یا نہ دکھائے بارش ہوتی رہے گی

### کل سرینگر اور پہلگام میں تقریباً 14.2 ملی میٹر بارش ہوئی

سرینگر/ یو این آئی/ محکمہ موسمیات کے حکام نے ہفتہ کے روز بتایا کہ کشمیر میں مسلسل دوسرے دن بھی ہلکی سے درمیانی بارش کا سلسلہ جاری رہا، جبکہ مغربی ڈسٹربنس کے باعث اونچے پہاڑی علاقوں میں ہلکی برف باری بھی ہوئی ہے۔ اگلے دو دنوں تک پورے علاقے میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق وادی کے مختلف علاقوں میں بارش ریکارڈ کی گئی، جہاں سری نگر اور پہلگام میں تقریباً 14.2 ملی میٹر بارش ہوئی، جبکہ شمالی کشمیر میں سب سے زیادہ بارش درج کی گئی جس میں کپواڑہ میں 19 ملی میٹر اور بارہمولہ میں 17 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔ گلمرگ جیسے مشہور سیاحتی مقام پر 15 ملی میٹر بارش ہوئی، جبکہ جنوبی کشمیر میں نسبتاً کم بارش دیکھی گئی، جہاں کوکرناگ میں 5.2 ملی میٹر اور قاضی گنڈ میں 3.4 ملی میٹر بارش ہوئی، جو چھٹپٹ بارش کی عکاسی کرتی ہے۔ شمالی اور وسطی کشمیر کے/ 2

## نشہ کے خلاف فیصلہ کن جنگ کے تحت لیفٹیننٹ گورنر کی پد یاترا

### 100 دنوں کے اندر منشیات کے نیٹ ورک کو مکمل طور پر توڑنا حکومت کا ہدف

راجوری/ لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا پد یاترا میں شامل ہوئے اور راجوری میں منشیات سے پاک جموں وکشمیر مہم کے تحت ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ سرحدی ضلع راجوری حساس ہے اور سرحد پار سے منشیات کی سمگلنگ کا خطرہ ہے۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا'' لیکن ہم چیلنجوں کو کچلنے، منشیات کے کاروبار کو ختم کرنے اور معاشرے کو نشے سے آزاد کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ 11 اپریل سے جموں وکشمیر پولیس نے جموں ڈویژن میں ایک انتھک کریک ڈاؤن شروع کیا تھا۔ 45 سے زیادہ ایف آئی آر درج کی گئیں، 63 اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا اور منشیات کی بڑی مقدار ضبط کی گئی اور یہ مہم مسلسل جاری رہے گی۔ اپنے خطاب میں لفٹیننٹ گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ تمام جنگیں سرحدوں پر نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لڑائیاں نظر نہیں آتی ہیں اور برسوں سے جموں وکشمیر کے لاتعداد خاندان اپنی دیواروں کے اندر نشے کی لت سے لڑ رہے ہیں اور بہت سے اپنے پیاروں کو کھو چکے ہیں۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا'' 11 اپریل کو جموں کے ایم اے اسٹیڈیم کے مقدس میدان سے ہم نے منشیات کی لت کے خلاف 100 دن کی پرعزم جنگ کا آغاز کرتے ہوئے مکمل جنگ کا اعلان کیا۔ میرا ماننا ہے کہ لت محض ذاتی ناکامی نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے معاشرے کے تانے بانے میں ایک داغدار زخم ہے۔ ہمارا دہشت گرد پڑوسی منشیات کے ذریعے اسے ایک دہشت گرد کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ اسمگلنگ اور ہماری قوم کی طاقت کو اندر سے ختم کرنا اس کی سوچ ہے۔ ہم اس جنگ کو متحد ہو کر جیتیں گے۔ لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ 11 اپریل سے پہلے درج ہونے والے کیسوں میں پچھلے 7 دنوں میں 3 گنا اضافہ دیکھا گیا ہے۔// 3



## 431 زائرین پر مشتمل حجاج کرام کا پہلا قافلہ روانہ

### رخصت کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اس موقعہ پر ہوائی اڈے پر موجود تھے

سرینگر/ جموں وکشمیر سے 431 عازمین حج کا پہلا قافلہ 2 پروازوں میں ہفتہ کو سعودی عرب کیلئے روانہ ہوا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عازمین کو یہاں شیخ العالم بین الاقوامی ہوائی اڈے پر رخصت کیا۔ جے کے این ایس کے مطابق عہدیداروں نے بتایا کہ عازمین جن میں 230 مرد اور 201 خواتین شامل ہیں، 3 پروازوں میں مختلف اوقات پر سری نگر سے عظیم مذہبی فریضہ (حج بیت اللہ) کی انجام دہی کیلئے مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔ عہدیداروں نے کہا کہ روانگی کے عمل کو آسانی سے یقینی بنانے کے لئے یہاں بمنہ میں واقع حج ہاؤس میں نقل وحمل، سامان کی ہینڈلنگ اور دستاویزات کے تمام ضروری انتظامات کئے گئے ہیں۔ اسے پہلے ہفتہ کی صبح حج ہاؤس سری نگر کے باہر حجاج کرام کے خاندان کے سینکڑوں افراد انہیں الوداع کرنے کے لیے جمع ہوئے۔ امسال جموں وکشمیر کے کل 4764 عازمین حج بیت اللہ انجام دینے کیلئے مکہ مکرمہ جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یہاں شیخ العالم بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حج 2026 عازمین کے پہلے قافلے کو رخصت کیا۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ وزیر اعلیٰ نے عازمین کے لیے ایک محفوظ اور روحانی طور پر مکمل سفر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ کے دفتر نے عازمین سے مکہ مکرمہ میں جموں وکشمیر میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کرنے کی درخواست کی۔ پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ نے/ 4



## جموں کشمیر کے مختلف علاقوں میں زلزلے

### ریکٹر سکیل پر شدت 5 درج

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق جموں اور کشمیر کے مختلف علاقوں میں سنیچروار کی صبح زلزلے کے ہلکے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ صبح 8 بجکر 24 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ حکام نے بتایا کہ افغانستان میں صبح 8 بجکر 24 منٹ پر ریکٹر اسکیل پر 5 کی شدت کا زلزلہ آیا، جس سے جموں وکشمیر کے کچھ حصوں میں جھٹکے محسوس ہوئے۔ تاہم فوری طور پر کسی قسم کے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ سیسمولوجیکل سینٹر کے مطابق زلزلہ افغانستان کے علاقے بدخشاں کے علاقے زیبک میں 190 کلومیٹر کی گہرائی میں آیا۔

## جیل میں بند ''سمگلر'' کی غیر منقولہ جائیداد بھاری مشینری سے مسمار

### جموں میں نشہ کے خلاف فیصلہ کن مہم کے تحت حکام کی کارروائی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں انتظامیہ نے منشیات کے کاروبار میں ملوث شخص کی رہائشی جائیداد کو سخت سیکیورٹی انتظامات کے درمیان انہدام کردیا۔ یہ کارروائی جموں وکشمیر میں منشیات کے خلاف جاری بڑے پیمانے کی مہم کا حصہ ہے، جسے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی ہدایت پر تیز کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق شمس الدین عرف پپی کی ملکیت والی رہائش، جو بیلی چرانہ علاقے میں واقع ہے، ہفتے کی صبح بھاری مشینری کی مدد سے گرائی گئی۔ کارروائی کے دوران پولیس اور ضلع انتظامیہ کی بڑی نفری موقع پر موجود رہی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جا سکے۔ انتظامیہ نے بتایا کہ شمس الدین اس وقت جیل میں قید ہے اور اس کی جائیداد غیر قانونی ذرائع، بالخصوص منشیات کی کمائی سے تیار کی گئی/ 5

## پونچھ میں لائن آف کنٹرول کے قریب بارودی سرنگ دھماکہ

### ایک فوجی اہلکار زخمی، دوسرے واقعہ میں پرانا شیل بھی ناکارہ بنایا گیا

سرینگر/ یو پی آئی/ پونچھ ضلع میں ایل او سی کے قریب ایک بارودی سرنگ دھماکے میں ایک فوجی اہلکار زخمی ہوگیا، جبکہ سرحدی گاوں میں ملا ایک زنگ آلود گولہ فوجی ماہرین نے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ دونوں واقعات ہفتہ کے روز پیش آئے۔ تفصیلات کے مطابق بالاکوٹ سیکٹر میں فوج کی ایک ٹیم ایریا ڈومینیشن پیٹرولنگ پر تھی کہ اچانک اینٹی انفلیٹریشن مائن پھٹ گئی، جس سے ایک اگنی ویر اہلکار زخمی ہوگیا۔ زخمی جوان کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی حالت مستحکم بتائی جا رہی ہے۔ حکام نے بتایا کہ ایل او سی کے آس پاس کے علاقوں میں انسداد دراندازی نظام کے تحت بارودی سرنگیں بچھائی جاتی ہیں، جو اکثر شدید بارش یا/ 6

## بینک ریکارڈوں میں صرف

### سرکاری ای میل آئی ڈیز لازمی قرار

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر حکومت کے محکمہ خزانہ نے سرکاری بینک کھاتوں میں دھوکہ دہی اور بے ضابطگیوں کو روکنے کے لیے اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے تمام محکموں کو صرف سرکاری ای میل آئی ڈیز کے استعمال کو لازمی قرار دیا ہے۔ محکمہ خزانہ کے تحت ڈائریکٹوریٹ جنرل اکاؤنٹس اینڈ ٹریزریز کی جانب سے جاری سرکلر میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ وزارت خزانہ ہند کی طرف سے موصولہ مراسلے کے بعد لیا گیا، جس میں سرکاری کھاتوں میں فراڈ کے بڑھتے واقعات پر تشویش ظاہر کی گئی تھی۔ سرکیولر کے مطابق کئی/ 7

## لال چوک (سرینگر) کے نزدیک کمرشل بلڈنگ میں آگ


### فائر فائٹرز نے ہائیڈرولک پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے آگ پر تیزی سے قابو




سرینگر/ یو پی آئی/ شہر کے مصروف ترین کاروباری علاقے لال چوک کے نزدیک ایک پانچ منزلہ کمرشل بلڈنگ میں آج صبح آگ بھڑک اٹھی، تاہم فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کی بروقت کارروائی سے شعلوں کو مزید پھیلنے سے روک لیا گیا، جس کے نتیجے میں ایک بڑا حادثہ ٹل گیا۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی کے مطابق آگ عمارت کے اٹاری حصے سے نمودار ہوئی، جہاں ایک ریستوران کا کچن موجود ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز عاقب میر نے بتایا کہ آگ کی اصل وجہ کا پتہ لگایا جا رہا ہے، تاہم ابتدائی اندازے کے مطابق کچن کے علاقے میں موجود کسی تکنیکی خرابی کے سبب شعلے بھڑکے۔ فائر فائٹرز نے/ 10

## خواتین کو مکمل آئینی حق دلانے کیلئے حکومت کا عزم برقرار/ شاہ

### بڑی اپوزیشن جماعت کی تاریخ خواتین کے حقوق کی مخالفت سے بھری پڑی ہے



سرینگر/ یو این ایس/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے لوک سبھا میں حد بندی بل 2026، آئین (131 ویں ترمیمی) بل اور یونین ٹیریٹریز قوانین (ترمیمی) بل پر تفصیلی جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت خواتین کو ان کا مکمل آئینی حق دلانے، جمہوری نمائندگی کو متوازن بنانے اور ملک کے وفاقی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس راستے میں کسی بھی سیاسی رکاوٹ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ امت شاہ نے اپوزیشن جماعتوں کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ''ملک کی بڑی اپوزیشن جماعت کی تاریخ خواتین کے حقوق کی مخالفت سے بھری پڑی ہے۔ شاہ بانو کیس سے لے کر تین طلاق کے خاتمے اور خواتین ریزرویشن تک، ہر مرحلے پر انہوں نے خواتین کو ان کے حقوق سے محروم رکھنے کی کوشش کی۔ یو این ایس کے مطابق انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ''ایک شخص، ایک ووٹ، ایک قدر'' کے اصول پر یقین رکھتی ہے، اور حد بندی/ 11

## ہسپتالوں کے آس پاس دوا فروشوں کے شاپس کا معائینہ

### کارروائی جاری ''نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان'' کا حصہ ہے/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر پولیس نے ہفتہ کے روز ضلع بھر کے اسپتالوں کے گردونواح میں واقع کیمسٹ شاپس اور ادویات کے اداروں کا جامع معائنہ کیا۔ یہ کارروائی جاری 'نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان' کا حصہ ہے، جس کا مقصد منشیات کا خاتمہ کرنا ہے۔ پولیس کے مطابق، ٹیموں نے مختلف طبی اداروں میں اسٹاک رجسٹر، خرید وفروخت کا ریکارڈ، میعاد والے لائسنس اور دیگر لازمی دستاویزات کی تفصیلی جانچ پڑتال کی۔ اس جانچ کا بنیادی مقصد بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرنا اور ان ادویات کی غیر قانونی فروخت یا غلط استعمال کو روکنا ہے جو نوجوانوں میں نشہ خوری کا سبب بن سکتی ہیں۔ حکام کے مطابق کنٹرولڈ اشیاء کی غیر قانونی ملکیت، فروخت یا تقسیم میں ملوث کسی بھی خلاف ورزی پر این ڈی پی ایس ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ سری نگر پولیس نے واضح کیا ہے کہ اس نوعیت کی معائنہ مہم باقاعدگی سے جاری رکھی جائے گی تاکہ جوابدہی کو یقینی بنایا جا سکے، قانونی طریقہ کار کو فروغ ملے اور عوامی صحت وسلامتی کا تحفظ ہو، اسی کے ساتھ کیمسٹ حضرات کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ درست ریکارڈ برقرار رکھیں، مقررہ/ 8

## مرکزی ملازمین کے مہنگائی بھتے میں

### دو فیصد اضافے کی منظوری/ مرکز

نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی کابینہ نے ہفتہ کے روز اپنے ملازمین کے لیے یکم جنوری 2026 سے مہنگائی بھتے میں دو فیصد اضافے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں یہاں منعقدہ کابینہ کی میٹنگ کے بعد اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ اب مرکزی ملازمین کے لیے مہنگائی بھتہ 58 فیصد سے بڑھ کر 60 فیصد ہو جائے گا۔ ریٹائرڈ مرکزی ملازمین کو پنشن میں ملنے والی مہنگائی راحت (ڈی آر) کو بھی 58 فیصد سے بڑھا کر 60 فیصد کر دیا گیا ہے۔ مسٹر ویشنو نے بتایا/ 12

## 12980 کروڑ روپے کے سمندری انشورنس پول کو مرکزی کابینہ کی منظوری

### اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کی کابینہ کے میٹنگ کے بعد پریس کانفرنس میں اعلان

نئی دہلی/ یو این آئی/ حکومت تجارتی جہازوں کے لیے سمندری انشورنس کوریج (میرین انشورنس) کو آسان بنانے کے مقصد سے 12 ہزار 980 کروڑ روپے کی خودمختار ضمانت (سورن گارنٹی) کے ساتھ ایک گھریلو انشورنس پول 'ہندوستان میرین انشورنس پول' بنانے جا رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں ہفتہ کو یہاں منعقدہ مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں اس پول کی تشکیل کی تجویز کو منظوری دی گئی۔ یہ پول مسلسل سمندری انشورنس کوریج کی سہولت فراہم کرے گا اور اس کے لیے 12,980 کروڑ روپے کی خودمختار ضمانت فراہم کی جائے گی۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کابینہ کے میٹنگ کے بعد پریس کانفرنس میں بتایا کہ یہ پول اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کسی بھی بین الاقوامی ذریعے سے ہندوستانی بندرگاہوں تک مال لانے والے جہازوں کے لیے سستی انشورنس دستیاب رہے، چاہے وہ غیر مستحکم سمندری راستوں سے گزریں۔ عالمی عدم استحکام اور جیو پولیٹیکل غیر یقینی صورتحال میں اضافے کی وجہ سے سمندری تجارت متاثر ہوئی ہے، جس سے مال اور جہازوں کے نقصان کا خطرہ بڑھ گیا ہے اور انشورنس کی لاگت میں اضافہ و دستیابی میں غیر یقینی پیدا ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ، ہندوستانی جہازوں کی تھرڈ پارٹی واجبات جیسے تیل کی آلودگی، ملبہ ہٹانے، مال کی خرابی، عملے کی چوٹ اور تصادم کی ذمہ داریوں وغیرہ کے لیے 'پی اینڈ آئی' انشورنس کے حوالے سے بین الاقوامی پروٹیکشن اینڈ انڈیمنیٹی گروپ (آئی جی پی اینڈ آئی) کلبوں پر زیادہ انحصار ہے۔ اسے مدنظر رکھتے ہوئے، پابندیوں یا جیو پولیٹیکل تناؤ کی وجہ سے کوریج ختم/ 13

## جماعتِ اسلامی اور FAT سے وابستہ 58 اسکول حکومت کی تحویل میں

### جموں وکشمیر کے محکمہ تعلیم کے سیکریٹری کی جانب سے جاری حکم

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر حکومت نے کالعدم تنظیم جماعت اسلامی اور اس کی تعلیمی شاخ فلاحِ عام ٹرسٹ سے وابستہ 58 نجی اسکولوں کو اپنے کنٹرول میں لے لیا ہے۔ یہ کارروائی اس اقدام کے تقریباً آٹھ ماہ بعد کی گئی ہے، جب حکومت نے جماعت سے منسلک 215 اسکولوں کو اپنے کنٹرول میں لیا تھا۔ واضح رہے کہ وزارتِ داخلہ نے 2019 میں جماعتِ اسلامی کو غیر قانونی قرار دیا تھا۔ جموں وکشمیر کے محکمۂ تعلیم کے سیکریٹری کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ خفیہ ایجنسیوں نے مزید 58 فعال اسکولوں کی نشاندہی کی ہے، جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر جماعتِ اسلامی یا فلاحِ عام ٹرسٹ سے منسلک پائے گئے ہیں۔ حکم میں یہ بھی کہا گیا کہ ان اسکولوں کی انتظامی کمیٹیوں کی قانونی حیثیت ختم ہو چکی ہے یا ان کے خلاف خفیہ رپورٹ موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ماتحت محکمۂ تعلیم نے ضلع مجسٹریٹس/ ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان اسکولوں کا نظم ونسق اپنے ہاتھ میں لیں اور مناسب جانچ کے بعد نئی انتظامی/ 9

